Provincial Disaster Management Authority
Khyber Pakhtunkhwa (Headquarter)
Plot 46 A, Sector B-2, Hayatabad Phase-5, Peshawar.
Phone: (091) 9211854,9213959 Fax: (091) 9214025
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس

مورخہ: 12اگست2026

## موسمی انتباہ(الرٹ)

## پریس ریلیز

پشاور: پی ڈی ایم اے نے صوبے کے بالائی و وسطی اضلاع میں مزید بارشوں اور گرج چمک کے حوالے سے الرٹ جاری کر دیا
پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے پاکستان محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے پیش نظر خیبر پختونخوا کے بالائی اور وسطی اضلاع میں 12اگست کی رات سے 15اگست تک بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کو الرٹ جاری کر دیا ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق چترال اپر ولوئر، دیر اپر ولوئر، بونیر، سوات، شانگلہ، مالاکنڈ، باجوڑ، اپر ولوئر کوہستان، بٹگرام، مانسہرہ، ایبٹ آباد، مردان، صوابی، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، خیبر، مہمند اور کرم سمیت مختلف اضلاع میں بارش اور گرج چمک کے ساتھ بعض مقامات پر موسلادھار بارش کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ حساس اور پہاڑی علاقوں میں بارش کے باعث لینڈ سلائیڈنگ جبکہ مردان اور صوابی کے نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔ تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات مکمل رکھیں، بالخصوص حساس علاقوں اور کمزور گھروں میں رہنے والی آبادی پر خصوصی نظر رکھی جائے۔ دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی کے ساتھ سڑکوں اور نکاسی آب کے نظام کو بھی کلیئر رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

پی ڈی ایم اے نے سیاحوں کو بارش کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کرنے اور خطرناک مقامات سے دور رہنے کی ہدایت کی ہے۔ عوام سے کہا گیا ہے کہ وہ دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی نالوں سے کم از کم 20فٹ کا فاصلہ برقرار رکھیں، تیز بارش کے دوران ہائیکنگ، ٹریکنگ اور کیمپنگ سے گریز کریں اور سیلابی پانی میں پیدل چلنے یا گاڑی گزارنے کی کوشش نہ کریں۔ عوام کو ہدایت کی گئی ہے کہ بارش اور گرج چمک کے دوران محفوظ اور مضبوط عمارتوں میں پناہ لیں، بجلی کی کھلی تاروں یا خراب برقی آلات کو ہاتھ نہ لگائیں اور بچوں کو دریاؤں، ندی نالوں، گڑھوں اور پانی کی نکاسی کے راستوں سے دور رکھیں۔
پی ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ اداروں کو صورتحال کی چوبیس گھنٹے نگرانی جاری رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں فوری طور پر پی ای او سی پی ڈی ایم اے کو اطلاع دینے کی ہدایت کی ہے۔ عوام ہنگامی صورتحال میں پی ڈی ایم اے کی ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ترجمان، پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا